# علاقائی خبریں

**04 اگست 2026**

1:10 P.M.

اتر پردیش قانون ساز اسمبلی کے مانسون اجلاس کا آج دوسرا دن ہے۔ آج یوگی حکومت مالی سال 2026-27 کا ضمنی بجٹ ایوان میں پیش کرے گی۔ اپوزیشن اسمبلی انتخابات سے قبل اس آخری مانسون اجلاس میں حکومت کو گھیرنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ اس سے پہلے آج صبح وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ کی موجودگی میں اُنکی رہائش گاہ پر کابینہ کی میٹنگ ہوئی۔جس میں نائب وزیر اعلیٰ کیشو پرساد موریہ اور دیگر وزراء نے شرکت کی۔اس میٹنگ میں ریاست کی خوشحالی اور عوامی بہبود سے متعلق مختلف اہم موضوعات پر وسیع تبادلہ خیال کیا گیا۔

..........................................................................

بھارت کی سربراہی میں برکس ممالک کے قومی شماریاتی دفاتر (این ایس او) کے سربراہان کی دو روزہ میٹنگ آج بھی لکھنؤ میں جاری ہے۔ کل سے شروع ہوئی اس میٹنگ میں 350 سے زائد مندوبین بشمول برکس کے رکن ممالک کے قومی شماریات کے سربراہان، پالیسی ساز، ماہرین تعلیم، تھنک ٹینکس، سول سوسائٹی کی تنظیمیں اور تکنیکی ماہرین شرکت کر رہے ہیں۔ اجلاس کا بنیادی مقصد رکن ممالک کے درمیان معیار کے اعدادوشمار، ڈیٹا کی جدت اور تعاون کو مضبوط بنانا ہے۔

..........................................................................

سپریم کورٹ نے کہا کہ دہلی اور دیگر ریاستی حکومتیں طلباء کے پیپر لیک احتجاج کے دوران پولیس کارروائی سے متعلق مقدمات میں درج ایف آئی آر کو واپس لینے یا بند کرنے کا طریقہ اپنا سکتی ہیں۔

डिस्पैच

..........................................................................

لوک سبھا نے کل سپریم کورٹ کے ججوں کی تعداد تینتیس سے بڑھا کر سینتیس کرنے کا بل پاس کیا۔ وزیر قانون اور انصاف ارجن رام میگھوال نے سپریم کورٹ (ججوں کی تعداد) ترمیمی بل 2026 متعارف کرایا۔ انہوں نے کہا کہ یہ بل عدالتی اصلاحات کے جاری عمل میں اہم تبدیلی لائے گا۔

डिस्पैच

..........................................................................

مرکزی وزیر مملکت برائے خزانہ اور بھارتیہ جنتا پارٹی کے ریاستی صدر پنکج چودھری نے کل گریٹر نوئیڈا میں منعقدہ خود کفیل ہندوستان قرارداد میٹنگ سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی قیادت میں ریاست اور ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہیں۔

..........................................................................

گورنر آنندی بین پٹیل کی صدارت میں کل آگرہ میں ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر یونیورسٹی کا 92 واں کانووکیشن منعقد ہوا۔جس میں چونسٹھ ہونہار طلباء کو 88 میڈلز سے نوازا گیا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں گورنر نے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر جمہوریت کو صرف ایک نظام حکمرانی نہیں سمجھتے تھے بلکہ زندگی کا ایک بنیادی اصول سمجھتے تھے، جہاں ہر فرد کا وقار سب سے مقدم ہے۔

.....................................................................................

امام حسین کا چہلم آج سوگوار ماحول میں منایا جا رہا ہے۔ لکھنؤ میں پولیس نے تاریخی چہلم جلوس کے لیے بڑے پیمانے پر تیاریاں کی ہیں۔ یہ جلوس صبح تقریباً 11 بجے وکٹوریہ اسٹریٹ پر واقع ناظم صاحب کے امام باڑہ سے شروع ہو کر راجی پورم کے تالکٹورا میں کربلا کی طرف روانہ ہوا۔ جلوس سے قبل مجلس کا انعقاد کیا گیا ۔ جوائنٹ پولیس کمشنر (امن و قانون) ببلو کمار نے بتایا کہ شہر کے مغربی زون میں واقع پرانا لکھنؤ کو پانچ زون اور 18 سیکٹر میں تقسیم کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اے سی پی سطح کے افسران کے ساتھ 2000 سے زیادہ پولیس اہلکاروں کو سیکورٹی کے لیے تعینات کیا گیا ہے۔ پی اے سی کی دس کمپنیاں اور ایک ریپڈ رسپانس ٹیم بھی تعینات کی گئی ہے۔

.....................................................................................

ریاست کے کئی اضلاع میں اس وقت مانسون زوروں پر ہے۔ آسمان پر بادل چھائے ہوئے ہیں اور وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ لکھنؤ میں کل رات سے شروع ہونے والی بارش اب بھی جاری ہے۔ صبح تک بارش جاری رہنے کی وجہ سے اسکول کالج، دفتر جانے والوں اور سفر کرنے والوں کو خاصی مشکلات کا سامنا ہے۔ مسلسل بارش سے کئی علاقوں میں پانی جمع ہو گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے آج تقریباً پورا دن موسم کی ایسی ہی صورتحال رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

.....................................................................................